Roll No..

Total No. of Questions : **12**] [*Total No. of Printed Pages* : **8**

SA-204

B.A. (Part–III) DUE of BA. Part–II Suppl. Examination, 2021

URDU

Paper – I

(Prose and Poetry)

Time : 1½ Hours] [*Maximum Marks : 100*

SECTION–A

Answer all ten questions (Answer limit 50 words). Each question carries 2 marks. **(Marks : 2 × 10 = 20)**

(حصہ-الف)

سبھی 10 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 50 الفاظ سے زیادہ نہ ہو) ہر سوال کے 2 نمبر ہیں۔

SECTION–B

Answer any five questions out of seven (Answer limit 200 words). Each question carries 8 marks. **(Marks : 8 × 5 = 40)**

(حصہ-ب)

7 میں سے کن ہی 5 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 200 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

SECTION–C

Answer any two questions out of four (Answer limit 500 words). Each question carries 20 marks. **(Marks : 20 × 2 = 40)**

(حصہ-ج)

4 میں سے کن ہی 2 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 500 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 20 نمبر ہیں۔

SECTION–A

(حصہ-الف)

1 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ 50 الفاظ میں لکھئے۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

(i) دردؔ کا پورا نام لکھئے۔

(ii) ناسخؔ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

(iii) مومنؔ کا کوئی ایک شعر لکھئے۔

(iv) یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

ملتے ہی ان کے بھول گئیں کلفتیں تمام

گویا ہمارے سر پہ کبھی آسماں نہ تھا

(v) آپ کے نصاب میں شامل مضمون ''اودھ پنچ'' کے مصنف کا نام لکھئے۔

(vi) شررؔ کا پورا نام لکھئے۔

(vii) مرثیہ کے اجزائے ترکیبی لکھئے۔

(viii) ردیف کسے کہتے ہیں؟

(ix) آپ کے نصاب میں شامل مرثیے کے مرثیہ نگار کا نام لکھئے۔

(x) قصیدہ کسے کہتے ہیں؟

SECTION–B

(حصہ-ب)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔ جواب 200 الفاظ سے زائد نہ ہو۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

2 مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔

(الف)

بادشاہ گرچہ شیعہ تھا، مگر مزاج میں مطلق تعصب نہ تھا۔ ان کا پرانا مقولہ تھا کہ ''میری دو آنکھ میں سے ایک شیعہ ہے اور ایک سنّی ہے''۔ ایک بار دو شخصوں میں مذہبی اختلاف پر مار

پیٹ ہوگئی۔ بادشاہ نے دونوں کی معزولی کا حکم دیا، بلکہ اپنے وہاں ممنوع الملازمت کر دیا اور فرمایا: ''ایسے لوگوں کا میرے یہاں گزر نہیں ہوسکتا''۔ بے تعصبی کا اس سے زیادہ ثبوت کیا ہوگا۔

(ب)

ان لوگوں کے نظم و نثر کے مضامین دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ محض ایک طرزِ نو کے موجد ہی نہیں ہیں، بلکہ زبان و قلم کے دھنی بھی ہیں۔ ان کی عبارت شوخی و تازگی اور خداداد بے تکلفی سے معمور ہے۔ اور ان کی زبان لکھنؤ کی ٹکسالی زبان ہے۔ نثر کے نامہ نگاروں میں طبیعت کے چلبلے پن اور شوخی کے لحاظ سے اور نیز زبان کی پختگی اور لکھنؤ کی بول چال اور محاورے کی صفائی کے اعتبار سے ستم ظریف کا رنگ اوروں کے مقابلے چوکھا ہے۔

3 مندرجہ ذیل اشعار میں سے کن ہی چار شعروں کی تشریح شاعر کے حوالے کے ساتھ کیجئے۔

(i) آہ معلوم نہیں ساتھ سے اپنے شب و روز

لوگ جاتے ہیں چلے سو یہ کدھر جاتے ہیں

(ii) گو بحث کرکے بات بٹھائی پہ کیا حصول

دل سے اٹھا غلاف اگر تو اٹھا سکے

(iii) کافی بس اس کو نشہ ہے بوئے شراب کا

ہو بوجھ جس کے ہاتھ میں ساغر حباب کا

(iv) محشر میں ہم کو نامہ اعمال دیکھ کر

قاصد خیال آئے گا خط کے جواب کا

(v) بات کرنے میں رقیبوں سے ابھی ٹوٹ گیا

دل بھی شاید اسی بدعہد کا پیماں ہوگا

(vi) کشتہ ہوں اس کی چشم فسوں گر کا اے مسیح

کرنا سمجھ کے دعویٔ اعجاز دیکھنا

(vii) سنگِ گراں ہے راہ میں تمکین یار کا

اب دیکھنا ہے زورِ دلِ بے قرار کا

(viii) بگڑیں نہ بات بات پہ کیوں جانتے ہیں وہ

ہم وہ نہیں کہ ہم کو منایا نہ جائے گا

4 مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجئے۔

(الف)

واہ واہ کیا معتدل ہے باغِ عالم کی ہوا

مثلِ نبضِ صاحبِ صحت ہے ہر موج صبا

بھرتی ہے کیا کیا مسیحائی کا دم بادِ صبا

بن گیا گلزارِ عالم رشکِ صد دارالشفاء

ہے گلوں کے حق میں شبنم مرہم زخم جگر

شاخ بشکستہ کو ہے باراں کا قطرہ مومیا

(ب)

اللہ اللہ اسدِ حق کے نواسوں کا جلال

چاند سے چہروں پہ بل کھائے ہوئے زلفوں کے بال

نیچے کاندھوں پہ رکھے ہوئے مانند ہلال

گرچہ بچپن تھا پہ رستم کو سمجھتے تھے وہ زال

صف سے گھوڑوں کو بڑھا کر جو پلٹ جاتے تھے

مورچے لشکر کفّار کے ہٹ جاتے تھے

5 قصیدے کے فن پر تبصرہ کیجئے۔

6 مضمون ''مظلوم کی فریاد'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

7 پطرس بخاری کی مزاح نگاری کا تجزیہ کیجئے۔

8 دردؔ کی غزل گوئی کی خصوصیات مثالوں کے ساتھ لکھئے۔

SECTION–C

(حصہ-ج)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کن ہی دو (2) سوالوں کے جواب پانچ سو (500) الفاظ میں تحریر کیجئے۔

سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

9 عبدالحلیم شرر کی مضمون نگاری کی خصوصیات لکھئے۔

10 ذوقؔ کی قصیدہ نگاری کی فنّی خصوصیات کا تجزیہ کیجئے۔

11 آپ کے نصاب میں شامل مضمون ''لاہور کا جغرافیہ'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

12 مومن خاں مومنؔ کی غزل گوئی کی خصوصیات مثالوں کے ساتھ سمجھایئے۔